# ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು–560003

## KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

Malleswaram, Bengaluru-560003

# ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ 2022–23

## ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

**SUBJECT: First Language - Urdu**

ಸಮಯ: 3 ಗಂಟೆ 15 ನಿಮಿಷಗಳು

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ: 12U

**CCE-RF**

ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ

---

عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6**

1. وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے۔

(A) جملۂ اسمیہ (B) جملۂ انشائیہ

(C) جملۂ خبریہ (D) جملۂ فعلیہ

2. صورت کے لحاظ سے جملہ کی دو قسمیں یہ ہیں۔

(A) جملۂ فعلیہ اور جملۂ اسمیہ (B) جملۂ انشائیہ اور جملۂ اسمیہ

(C) جملۂ مرکب اور جملۂ فعلیہ (D) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب

3. اِن میں مضمون کا اہم جز نہیں ہے۔

(A) تمہید (B) نفسِ تمہید

(C) نفسِ مضمون (D) خاتمہ

4. غزل میں مطلع کے علاوہ دوسرے شعر کے دونوں مصرعوں میں بھی قافیہ آتا ہو تو وہ شعر کہلاتا ہے۔

(A) محسنِ مطلع (B) حُسنِ مطلع

(C) حُسنِ مقطع (D) احسنِ مطلع

5. رُباعی کا یہ مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے۔

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

6. ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی

میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

مذکورہ شعر میں اس صنعت کو اختیار کیا گیا ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تکرار

(C) صنعتِ تشبیہ (D) صنعتِ تجنیس

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : 4 x 1 = 4

7. خون : لہو :: بدلہ : .........

8. پامال : تباہ و برباد :: رحمت : .........

9. خوبصورت : بدصورت :: بیش قیمت : .........

10. وقت : اوقات :: مقام : .........

III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے : 7 x 1 = 7

11. بدایوں کے مشہور زمیندار خاندان کا نام کیا ہے ؟

12. احمد نگر کی جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟

13. لال قلعہ کے مشاعرے میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا ؟

14. لالہ جی نے دوسرے دن مصنف کو کتنے بجے جگایا ؟

15. حضور ﷺ نے "مرنے" سے متعلق کیا فرمایا ؟

16. شاعر کونسی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہا ہے ؟

17. نصابی کتاب میں "سرحدوں کا جال" نظم کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

**IV.** **درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے :** **10 x 2 = 20**

18. نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کیا ؟

19. حضور ﷺ ذلحجہ کی کونسی تاریخ کو مکہ میں داخل ہوئے اور کعبہ نظر آیا تو کیا فرمایا ؟

20. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری ؟

21. زعفران کے پودے کو دائمی پودا کہنے کی وجہ کیا ہے ؟

22. زعفران میں کون کون سے کیمیاوی اجزا پائے جاتے ہیں ؟

23. رشوت ستانی کو مٹانے کے لئے کون سے اقدامات کرنے چاہیئے ؟

24. شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟

25. حضرت زینبؓ کے اضطراب پر امام حسینؓ کا کیا ردِ عمل تھا ؟

26. نظم ''مچھر کے الٹی میٹم'' میں شاعر نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا ہے ؟

27. شاؔد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

**V.** درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔''

29. ''وہ ایک جان دار زبان ہے۔ اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے۔''

30. ''خدا ایک ہے۔ ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔''

درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

31. مولانا ابوالکلام آزاد

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

32. فراقؔ گورکھپوری

درج ذیل اشعار کی تشریح لکھئے :

33. از ہند تا خراساں، خوشبو ہوا ہے عالم

گلزار نئیں خبر لیا، وہ یاسمن کہاں ہے

34. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں

مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

35. فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ کریدتے

کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے

36. درجِ ذیل وضاحت کو مثال کے مطابق ایک لفظ میں جواب دیجئے :

مثال : نہ ملنے والا = نایاب

(i) ہدایت کرنے والا = ....................

(ii) مہارت رکھنے والا = ....................

(iii) سچ بولنے والا = ....................

37. جملۂ اِسمیہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

38. صنعتِ تشبیہہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تضاد کی تعریف مع مثال لکھئے۔

VI. درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 5 x 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ''مرثیہ'' کے آخری دو بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) آمدِ بہار (ii) جگنو

41. امیر خسرو کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں لکھئے۔

42. لالہ کرپا شنکر جی کے مصنف کو جگانے کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

یا

حضور ﷺ نے غلام اور خدام، امراء اور حکام کی فرماں برداری اور ایام جاہلیت کے رسم و رواج کے متعلق کیا ارشاد فرمایا۔

43. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

قومی یکجہتی ایک ایسا لفظ ہے جو ہندوستان کے بچے بچے کی زبان پر بار بار آتا ہے۔قومی یکجہتی سے مراد یہ ہے کہ قوم کا ہر فرد قومی بھلائی کی فکر کرے۔قوم کی ترقی کے کام کرے۔آپس کی لڑائی جھگڑوں میں اپنی صلاحیتیں برباد نہ کریں۔ ملک میں امن وسکون کے ماحول پیدا کریں۔عوامی بھلائی کے کاموں میں حکومت کا ہاتھ بٹائیں۔تخریب اور توڑ پھوڑ کے کاموں کے بجائے ہمیشہ تعمیری کاموں میں حصّہ لیں۔ علاقائی اور تہذیبی معاملات میں ''جیو اور جینے دو'' پر عمل کریں۔

حقیقت یہ ہے کہ ہمارا ملک ایک ایسا باغ ہے جس میں رنگ برنگ کے پھول کھلے ہوئے ہیں۔اس باغ کا حسن ہی اس کے مختلف رنگ کے پھول ہیں۔جن کی اپنی اپنی خصوصیت ہے،اور یہی چیز باغ کو

خوبصورت بنائے ہوئے ہے۔ اگر کسی باغ میں گلاب، موگرا، چنبیلی وغیرہ لگے ہوئے ہوں تو کتنا خوبصورت معلوم ہوگا۔ اگر اس میں صرف ایک ہی رنگ کے پھول باقی رہیں تو اسکی خوبصورتی بھی باقی نہیں رہے گی۔ اور ہمارے ملک کا بھی یہی حال ہے۔

سوالات :

(i) قومی یکجہتی سے کیا مراد ہے ؟

(ii) ہندوستان ایک باغ ہے اُسے کس طرح خوبصورت رکھ سکتے ہیں ؟

VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : 1 x 5 = 5

44. اپنے علاقے کے گورنمنٹ دواخانہ کے ڈاکٹر کے نام ایک خط لکھئے جس میں کووِڈ، ڈینگو اور دیگر بیماریوں کے متعلق اپنے اسکول میں ایک روزہ آگاہی کارگاہ کرنے کی دعوت دی گئی ہو۔

یا

اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے مدرسے کے سالانہ جلسے میں شرکت کی گذارش کی گئی ہو۔

1 x 5 = 5

VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :

45. (i) آپ نے آزادی کا ''امرت مہوتسو'' کیسے منایا

یا

(ii) ''بڑھتی ہوئی مہنگائی'' کے وجوہات اور حل